ہدایہ کے سوالات

استاد محترم مولانا ندیم مدنی

کتاب ا لنکاح تاء کتاب الرضاع

كتاب النكاح

سوال ا۔ نکاح کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں؟

سوال ۲۔ نکاح کے فوائد پر روشنی ڈالیں۔

النكاح ينعقد بالإيجاب۔۔۔۔الخ

سوال ۳. نکاح کے دو رکن ایجاب و قبول ہیں ان کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ ان کے لیے ماضی کا صیغہ کیوں لازم ہے؟

وينعقد بلفظ النكاح۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٤۔ نکاح کا انعقاد کن کن الفاظ سے ہوسکتا ہے اور اس سلسلے میں حضرت امام شافعی علیہ رحمہ کا کیا اختلاف ہے ان کی دلیل اور احناف کی دلیل ذکر کریں؟

وينعقد بلفظ البيع۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٥۔ لفظ بیع کے ساتھ نکاح صحیح ہوتا ہے جب کہ اجارہ ، اباحت، اعارہ اور لفظ وصیت کے ساتھ نکاح منعقد نہیں ہوتا وجہ بیان کریں؟

ولا ينعقد نكاح المسلمين۔۔۔۔۔۔الخ

٦۔ نکاح میں گواہوں کی حیثیت کیا ہے اور گواہوں کے لیے کیا شرائط ہیں؟

اعلم أن الشهادة شرط۔۔۔۔۔۔الخ

سوال 7۔ نکاح میں گواہوں کے بارے میں امام مالک علیہ رحمہ کا مذھب کیا ہے اور ان کے خلاف احناف کی دلیل بھی ذکر کریں ؟

ولا بد من إعتبار الحرية۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۸۔ وہ کون کون لوگ ہیں جو نکاح میں گواہ نہیں ہو سکتے اور کیوں؟

وإن تزوج مسلم ذمية۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۹۔ اگر مسلمان مرد ذمیہ عورت سے نکاح کرے اور وہ ذمی مرد گواہ ہوں تو جائز ہے یا ناجائز، ان میں کن کن آئمہ کے درمیان اختلاف ہے، اختلاف کی نوعیت اور دلائل ذکر کریں ؟

ومن أمر رجلا بأن يزوج۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۰۔ چھوٹی بچی کا نکاح اس کا وکیل کرے اور باپ بھی موجود ہو اور ایک گواہ ہوتو یہ نکاح کیوں جائز ہے؟ اور اگر باپ موجود نہ ہوتو جائز نہیں فرق کی وجہ بتائیں؟

فصل فی المحرمات

لا یحل للرجل أن یتزوج۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۔ محرمات عورتوں سے کیا مراد ہے یہ کون کونسی عورتیں ہیں اس سلسلے میں قرآن مجید کی ایک آیت مع ترجمہ نقل کریں ؟

والجدات امہات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۲۔ نانی اور دادی کا آیت کریمہ میں ذکر نہیں لیکن ان سے نکاح جائز نہیں اور وہ محرمات میں سے ہیں ان کی حرمت نکاح کیسے ثابت ہوگی؟

وتدخل فیہا العمات۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۳۔ متفرق پھوپھیوں اور متفرق خالاوں کی وضاحت کریں؟

وذکر الأصلاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٤۔ سگے بیٹے کی بیوی سے نکاح حرام قرار دیا گیا اور من اصلابکم فرمایا تو کیا اس سے یہ بات ثابت ہوگی کہ رضائی بیٹے کی بیوی سے نکاح جائز ہے یا کوئی اور مطلب ہے؟

ولا یجمع بین إمرأتین۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٥۔ دو بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا حرام ہے ایسی اور کون کونسی عورتیں ہیں جو بیک وقت ایک آدمی کے نکاح میں نہیں آسکتیں اس سلسلے میں ایک ضابطہ بیان کیا گیا ہے اس کی وضاحت کریں ؟

ولا بأس بأن یجمع۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٦۔ اگر کسی شخص نے کسی عورت سے نکاح کیا اور اس عورت کے پہلے خاوند سے ایک بیٹی ہے تو کیا ان دونوں کو ایک شخص نکاح میں جمع کر سکتا ہے مسئلہ واضح کریں اور شرعی حکم بتائیں؟

ومن زنی بامرأۃ۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۷ ۔ زنا کے ذریعے حرمت مصاہرت ثابت ہوتی ہے اس کا کیا مطلب ہے اور اس سلسلے میں حنفی شافعی اختلاف مع دلائل ذکر کریں ؟

وإذا طلق أمرأتہ طلاقا۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

۸. شہوت کے ساتھ کسی عورت کو چھونا یا اس کی شرمگاہ کو دیکھنے سے اس شخص پر اس عورت کی ماں اور بیٹی حرام ہو جاتی ہیں اس کی وضاحت کریں امام شافعی علیہ رحمہ کا اختلاف اور دلیل نیز احناف کی دلیل بھی ذکر کریں؟

وإذا طلق أمرأتہ طلاقا۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۹۔ کسی شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی تو کیا اس کی عدت کے دوران اس کی بہن سے نکاح کرسکتا ہے؟ اس مسئلہ میں حنفی شافعی اختلاف اور دلائل ذکر کریں اسی طرح چوتھی بیوی کو طلاق دے تو اس کی عدت کے دوران نکاح کا حکم بتائیں ؟

ولا یتزوج أمۃ۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۰۔ لونڈی سے نکاح کے بارے میں حنفی شافعی اختلاف ہے دلائل ذکر کریں؟

ويجوزتزوج الكتابيات۔۔۔۔۔الخ

سوال ١١۔ اہل کتاب عورت، مجوسی عورت (آتش پرست) بت پرست اور صابی عورت ، ان تمام عورتوں سے مسلمان کے نکاح کے بارے میں الگ الگ حکم واضح کریں اور جواز و عدم جواز کی وجہ بھی ذکر کریں؟ اگر قرآن و سنت سے دلیل پائی جاتی ہے تو اس کا حوالہ دیں؟

ويجوز للمحرم والمحرمة۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ١٢ ۔ حالت احرام میں شادی کرنے کے بارے میں حکم بتائیں ایک حدیث میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے منع فرمایا اور خود آپنے حالت احرام میں حضرت میمونہ رضی اللہ تعالی عنھا سے نکاح کیا دونوں حدیثوں میں تطبیق دیں اور احناف کا موقف بیان کریں اور امام شافعی کی دلیل کا جواب ذکر کریں؟

وللحرأن يتزوج أربعا۔۔۔۔۔۔۔الخ

١٣۔ آزاد آدمی بیک وقت چار شادیاں کر سکتا ہے۔ قرآن پاک سے ثابت کریں اور کیا ان میں کوئی لونڈی بھی ہوسکتی ہے اور اگر چار لونڈیوں سے نکاح ہو تو اس کا کیا حکم ہے اس مسئلہ میں امام شافعی علیہ رحمہ کا اختلاف اور دلیل اور احناف کی طرف سے جواب ذکر کریں؟

ولا يجوز للعبد أكثر۔۔۔۔۔۔۔الخ

١٤۔ غلام بیک وقت کتنی شادیاں کر سکتا ہے آزاد اور غلام کے حکم میں فرق ہے تو اس کی وجہ بیان کریں؟

وإن تزوج حبلى۔۔۔۔۔۔۔الخ

١٥۔ زنا سے حاملہ ہونے والی عورت سے نکاح کا کیا حکم ہے حضرت امام ابو یوسف علیہ رحمہ کا موقف کیا ہے۔ نیز ان کی دلیل اور طرفین کا موقف و دلیل بیان کریں اور اگر وہ حمل ثابت النسب ہو یعنی وہ کسی اور کی بیوی ہو تو نکاح کا کیا حکم ہوگا ؟

ومن وطى جاريته۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ١٦۔ کسی شخص نے اپنی لونڈی سے وطی کی پھر کسی اور سے اس کا نکاح کر دیا تو کیا یہ نکاح جائز ہوگا اور اس کے استبراء سے پہلے اس کا خاوند وطی کرسکتا ہے۔ آئمہ احناف کے درمیان اختلاف اور دلیل ذکر کریں؟

ونكاح المتعة باطل۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ١٧۔ نکاح متعہ کسے کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے اس مسئلہ میں امام مالک علیہ رحمہ کا اختلاف اور دونوں طرف کے دلائل ذکر کریں ؟

والنكاح الموقت۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ١٨۔ نکاح موقت سے کیا مراد ہے اس کا حکم کیا اور اس میں اور نکاح متعہ میں فرق کیا ہے اس مسئلہ میں کس امام کا کیا اختلاف ہے؟

ومن تزوج إمرأتين.........الخ

سوال ۱۹۔ ایسی دو عورتیں جن میں سے ایک کے ساتھ نکاح جائز نہ ہو جب دونوں سے ایک ہی عقد میں نکاح کرے تو اس کے نکاح کا کیا حکم ہوگا تفصیل سے ذکر کریں؟

ومن إدّعت عليه إمراة.........الخ

سوال ۲۰۔ اگر کسی عورت نے دعوی کیا کہ وہ فلاں شخص کی بیوی ہے اور اس نے اس سے نکاح کیا ہے تو قاضی فیصلہ کیا کرے اور کیوں ؟

باب فی الأولیاء والأكفاء

وينعقد نكاح الحرة...........الخ

سوال ۱۔ ولی کسے کہتے ہیں کیا بالغہ عاقلہ لڑکی ولی کی اجازت کے بغیر اپنا نکاح کرسکتی ہے اس مسئلہ میں ائمہ احناف امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد کا موقف مع اختلاف و دلائل ذکر کریں؟

ولا يجوز للولی.........الخ

سوال ۲۔ کیا بالغہ کنواری لڑکی کا نکاح اس کا ولی زبرستی کے ساتھ کرسکتا ہے۔ امام شافعی کا اختلاف اور حنفی شافعی دلائل واضح کریں ؟

فإذا إستأذن الولی.........الخ

سوال ۳۔ کنواری لڑکی سے اجازت لی جائے تو اس کی اجازت کا کیسے علم ہوگا نیز ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) کی اجازت کس طرح معتبر ہوگی ؟

وان فعل هذا.........الخ

سوال ٤۔ اگر ولی کا غیر یا دور کا ولی اجازت طلب کرے تو کس صورت میں اسے اجازت قرار دیا جائے گا ؟

ولا تشترط تسمية..........الخ

سوال ۵۔ اگر نکاح کرتے وقت مہر مقرر نہ کیا جائے تو کیا نکاح ہوجائے گا اور کیوں؟

وإذا زالت بكارتها.........الخ

سوال ٦۔ باکرہ (کنواری) لڑکی وہ ہوتی ہے جس کا پردہ بکارت زائل نہ ہو، اگر اچھلنے کودنے یا کسی اور وجہ سے پردہ بکارت زائل ہوجائے تو کیا وہ بھی کنواری شمار ہوگی اس مسئلہ میں آئمہ کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں اور شبہ کے ساتھ باکرہ سے وطی ہوئی تو کیا حکم ہوگا وہ کنواری شمار ہوگی؟

وإذا قال الزوج..........الخ

سوال ۷۔ اگر نکاح کے بارے میں مرد اور عورت کے درمیان اختلاف ہوجائے اور عورت کہے میں نے خبر ملنے پر انکار کیا مرد کہے تو نے قبول کیا تھا تو کیا حکم ہوگا ؟ اس مسئلہ میں امام زفر کا اختلاف کیا ہے دونوں طرف کے دلائل بھی ذکر کریں۔

ویجوز نکاح الصغیر.........الخ

۸۔ اگر نابالغ لڑکے یا لڑکی کا نکاح کیا جائے تو اس کا کیا حکم ہوگا امام مالک اور شافعی کا کیا موقف ہے ان کے دلائل اور احناف کا جواب بھی ذکر کریں؟

فان زوجهما الأب..........الخ

سوال ۹۔ نابالغ لڑکے اورلڑکی کا نکاح کردیا گیا بالغ ہونے کے بعد ان کو ایک اِختیار ملتا ہے اس اختیار کو کیا کہتے ہیں کون نکاح کرے تو اختیار نہیں ہوگا اور کس کے نکاح کرنے سے اختیار ہوگا وہ بھی بتائیں اور تینوں بزرگ آئمہ احناف کا اِختلاف بھی ذکر کریں ؟

لأن لفسخ ههنا لدفع ضرر......الخ

سوال ۱۰۔ خیار بلوغ میں قاضی کا فیصلہ شرط ہے جب کہ خیار عتق میں شرط نہیں فرق کی وجہ بتائیں۔

إذا بضغت الصغيرة.........الخ

سوال ۱۱۔ بالغ ہونے کے بعد لڑکی کا خیار بلوغ کب تک باقی رہتا ہے اور لڑکے کا خیار بلوغ کب تک ہوتا ہے تفصیل سے بتائیں؟

ثم الفرقة خيار البلوغ.........الخ

سوال ۱۲۔ خیار بلوغ کے نتیجے میں علیحدگی طلاق کیوں نہیں ہوتی وہ ذکر کریں ؟

وإن مات أحدهما.........الخ

سوال ۱۳۔ نابالغ میاں بیوی میں سے کوئی ایک فوت ہو جائے تو وراثت کا کیا حکم ہوگا ؟

ولا ولاية لعبد ولا صغير........الخ

سوال ١٤۔ وہ کون کون لوگ ہیں جن کو ولایت یعنی تصرف کا حق نہیں ہوگا اور کیوں؟ کافر کی ولایت کے بارے میں قرآنی آیات سے دلیل پیش کریں ؟

لغير العصبات من الأقارب.........الخ

سوال ١٥۔ عصبات میں کن کن لوگوں کو ولایت حاصل ہے ترتیب بھی ذکر کریں نیز عصبات کے علاوہ کن کن رشتہ داروں کو نکاح کر کے دینے کی ولایت حاصل ہوتی ہے ؟ تین بزرگ آئمہ احناف کا موقف دلائل ذکر کریں۔

فإن غاب الولی الأقرب۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ١٦۔ جب قریبی ولی نہ ہو تو دور کا ولی نکاح کرسکتا ہے اس مسئلہ میں امام زفر کا اختلاف بھی مع دلیل نقل کریں ؟

الغیبة المنقطعة۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ١٧۔ غیبت منقطع کسے کہتے ہیں اور اس کی تفصیل کیا ہے ؟

إذا إجتمع فی المجنونة۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ١٨۔ عورت کا باپ اور بیٹا موجود ہوتو نکاح کا حق کسے اور کیوں ہوگا ؟

فصل فی الکفاءة

الکفاءة فی النکاح۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ١۔ کفو کسے کہتے ہیں اور نکاح میں کفو کے معتبر ہونے پر حدیث شریف اور عقلی دلیل پیش کریں ؟

ثم الکفاءة تعتبر۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٢۔ کفو میں کن امور کا اعتبار ہوگا قریشی اور دیگر اہل عرب کے حوالے سے بتائیں ؟

اما الموالی فمن۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٣۔ عجمیوں میں کفو کے حوالے سے کن کن امور کا لحاظ رکھا جاتا ہے ؟

ومن أسلم بنفسه۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٤۔ عجمیوں میں اسلام اور آزادی کے اعتبار سے کفو کی تفصیل اور آئمہ احناف کے درمیان اختلاف ذکر کریں ؟

وتعتبر فی الدین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٥۔ دین داری سے کیا مراد ہے اور کفو میں دین داری کے حوالے سے شیخین اور امام محمد کا اختلاف مع دلائل بیان کریں ؟

وتعتبر فی المال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٦۔ کفو میں مال اور خوشالی دونوں کا اعتبار ہوتا ہے دونوں کے درمیان فرق اور آئمہ کا موقف واضح کریں ؟

تعتبر فی الصنائع۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٧۔ کفو میں پیشے کا اعتبار کیوں کیا جاتا ہے اس میں اختلاف کیا ہے؟

وإذا زوجت المرأة۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

٨۔ اگر لڑکی خود اپنا نکاح کرے اور مہر مثل سے کم رکھے تو اس کے اولیاء اعتراض کر سکتے ہیں اور کس صورت میں ان کو اعتراض کا حق ہے ؟

فصل فی الوکالة بالنکاح وغیرھا

ویجوز لإبن العم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۔ جو شخص لڑکی کا ولی ہو (مثلا چچا زاد) وہ خود اس سے نکاح کرنا چاہتا ہے اور لڑکی اسے وکیل بناتی ہے تو کیایہ جائز ہے؟ جب کہ بیع میں ایک ہی شخص دونوں طرف کے معاملات طے نہیں کر سکا فرق کی وجہ کیا ہے ؟

ومن قال اشھدوا۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۲۔ اگر ایجاب وقبول کی محفل مختلف ہوتو نکاح ہوجائے گا یا نہیں ، اگر لڑکا انگلینڈ میں ہو اور ٹیلی فون کے ذریعے قبول کرے تو کیا حکم ہے ؟

أن الواحد لا یصلح فضولیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

۳۔ فضولی کسے کہتے ہیں ایک شخص دونوں طرف سے فضولی ہوسکتا ہے یا نہیں اسی طرح اگر ایک طرف سے فضولی اور دوسری طرف سے اصیل ہوتو کیا حکم ہوگا ؟

ولوجری العقد بین۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

٤۔ دونوں طرف سے الگ الگ فضولی یا ایک طرف سے فضول اور دوسری طرف سے اصیل ہوتو یہ نکاح جائز ہے؟ آئمہ کے دلائل ذکر کریں ؟

ومن أمر رجلا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٥۔ اگر وکیل موکل کی ہدایت کے خلاف نکاح کر دے تو اس کی صورت کیا ہوگی اور حکم کیا ہوگا ؟

ومن أمرہ امیر۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

٦۔ اگر حاکم نے نکاح کا وکیل بنایا اور کہا کسی عورت سے میرا نکاح کرادو، اس نے لونڈی سے نکاح کرادیا تو اس میں حضرت امام ابوحنیفہ اور صاحبین کا باہمی اختلافی موقف دلائل سے بیان کریں ؟

باب المھر

ویصح النکاح۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۔ مہر نکاح میں شرط ہے یا محض لازم ہے اور کیا مہر کے ذکر کے بغیر نکاح ہوجاتا ہے یا نہیں اور مہر شریعت کا حق ہے یا عورت کا تفصیل سے بتائیں؟

وأقل المھر عشرة۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

۲۔ مہر کی کم ازکم مقدار کتنی ہے احناف اور شوافع کا اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟

ولو سمى أقل من عشرة.........الخ

سوال ۳۔ اگر دس درہم سے کم مہر مقرر ہوا تو کیا حکم ہوگا اور اگر دس درہم مہر مقرر ہوا اور جماع سے پہلے طلاق دی تو کیا دینا ہوگا۔ پانچ درہم یا متعہ ، امام زفر کا موقف اور دیگر تین آئمہ کا موقف مع دلائل ذکر کریں۔

ولو سمى مهرا عشرة.........الخ

سوال ٤۔ کن صورتوں میں مقررہ مہر پکا ہوجاتا ہے اور ادا کرنا پڑتا ہے اور کس صورت میں آدھا مہر دینا ہوتا ہے آیات قرآنیہ ذکر کریں ؟

وإن تزوجها ولم يسم.........الخ

سوال ٥۔ مہر مثل کسے کہتے ہیں اور یہ کب دیا ہوتا ہے اور اگر جماع سے پہلے طلاق دے اور مہر مقرر نا ہو تو متعہ دینا ہوگا متعہ کی تفصیل بتائیں؟

وإن تزوجها ولم يسم..........الخ

سوال ٦۔ اگر نکاح کے وقت مہر مقرر نہ کیا بعد میں میاں بیوی ایک مقدار پر راضی ہو گئے ۔ تو جماع یا موت کی صورت میں کیا حکم ہوگا اور جماع سے پہلے طلاق کی صورت میں کیا دینا ہوگا امام ابو یوسف علیہ رحم کا پہلا قول اور امام شافعی علیہ رحمہ کا مسلک کیا ہے؟

إذا خلا الرجل بامرأته..........الخ

سوال ۷۔ خلوت صحیحہ کسے کہتے ہیں اور خلوت صحیحہ کے بعد طلاق دی تو کتنا مہر دینا ہوگا اور عدت کا کیا حکم ہوگا امام شافعی علیہ رحمہ کا کیا موقف ہے اس کی وجہ بیان کریں؟

وإن كان أحدهما مريضا...........الخ

۸۔ خلوت صحیحہ میں کیا کیا باتیں رکاوٹ بنی ہیں؟

وإذا خلا المجبوب.........الخ

۹۔ مجبوب اور عنین کسے کہتے ہیں ان کی خلوت صحیحہ کا کیا ہے؟

وتستحب المتعة لكل........الخ

سوال ۱۰۔ مطلقہ عورت کو متعہ(تین کپڑے) دینا کب مستحب ہے اور کس صورت میں واجب ہے؟

وإذا زوج الرجل بنته۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۱۔ نکاح شغار کی تعریف کریں اور اس کا حکم بتائیں؟ اس سلسلے میں حنفی شافعی اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟

ولو سمی مهرا عشرة۔۔۔۔۔۔۔الخ

۱۲۔ کیا مال کے علاوہ کوئی چیز مہر بن سکتی ہے اگر تعلیم قرآن یا شوہر کا خدمت کرنا جو مقرر کیا تو کیا حکم ہوا؟ اس سلسلے میں حضرت امام محمد علیہ رحمہ کا کیا اختلاف ہے؟

فإن تزوجهما على ألف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۳۔ کیا عورت اپنا مہر وصول کر کے شوہر کو ھبہ کرسکتی ہے اگر اس صورت میں جماع سے پہلے طلاق دی تو کیا کرنا ہوگا؟

إذا تزوجهما على ألف۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱٤۔ اگر مہر کی رقم کسی چیز کے ساتھ مشروط ہو تو کیا حکم ہوگا جیسے ایک ہزار مہر مقرر ہوا کہ وہ اسے گھر سے باہر نہیں لے جائے گا اور اگر کہا کہ اگر باہر نہ لے جائے تو ایک ہزار اور لے جائے تو دوہزار ہوگا ان صورتوں میں کیا حکم ہوگا ؟

إذا تزوجهما على حيوان۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۵۔ مہر میں غیر معین جانور مقرر کیا یا کپڑا دینا مقرر ہوا لیکن اس کا وصف بیان نہ کیا تو کیا حکم ہوگا؟

فإن تزوج مسلم على الخمر۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱٦۔ اگر مسلمان نے مہر میں شراب یا خنزیر مقرر کیا تو کیا حکم ہوا؟

فإن تزوج إمرأة على۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۷۔ اگر مٹکے کی طرف اشارہ کیا اور کہا یہ سرکہ دوں گا اور دیکھنے پر پتہ چلا کہ یہ شراب ہے تو کیا حکم ہوگا اس مسئلہ میں آئمہ احناف کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟

إذا فرق القاضى۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

۱۸۔ اگر نکاح فاسد میں قاضی علیحدگی کرادے تو مہر کا کیا حکم ہوگا حضرت امام زفر کا موقف بھی ذکر کریں؟

وعليها العدة۔۔۔۔۔۔۔الخ

۱۹۔ نکاح فاسد میں تفریق کے بعد عدت کا کیا حکم ہوگا اور بچے کے نسب کے بارے میں بھی وضاحت کیجئے

مهر المثل يعتبر بأخواتها۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۲۰۔ مہر مثل کسے کہتے ہیں اور اس کا تعلق عورت کی کن رشتہ دار خواتین کے مہر سے ہوگا؟

لا يعتبر بأمها..........الخ

سوال ۲۱۔ کیا مہر مثل میں ماں اور خالہ کا اعتبار ہو سکتا ہے تفصیل سے لکھیں؟

يعتبر في مهر المثل.........الخ

سوال ۲۲۔ مہر میں کن کن باتوں کا خیال رکھا جاتا ہے؟

إذا ضمن الولي صح..........الخ

سوال ۲۳۔ اگر لڑکی کا باپ یا کوئی دوسرا ولی مہر کا ضامن ہے تو کیا یہ درست ہے اگر یہ درست ہے تو کیا خاوند بری الذمہ ہو جائے گا وضاحت کریں؟

وللمرأة أن تمنع بنفسها..........الخ

سوال ۲٤۔ کیا عورت مہر کی وصولی سے پہلے خاوند کو اپنے سے روک سکتی ہے اور اس مہر سے کونسا مہر مراد ہوگا، اس مسئلہ میں طرفین اور امام ابو یوسف کا اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟

إن دخل بها فكذالك.........الخ

سوال ۲۵۔ اگر مہر کی وصولی سے پہلے عورت نے اپنے آپ کو مرد کے قریب کر دیا تو کیا اس کے بعد وہ اسے روک سکتی ہے اس ، میں ائمہ کے درمیان اختلاف کیا ہے؟

ومن تزوج إمرأة ثم إختلفا.........الخ

سوال ۲٦۔ اگر میاں بیوی کے درمیان مہر کی مقدار میں اختلاف ہوجائے تو عورت کا قول کس صورت میں قبول ہوگا اور مرد کا کس صورت میں؟ امام ابو یوسف کا اختلاف مع دلیل ذکر کریں اور طرفین کی دلیل بھی ذکر کریں؟

ولو كان الإختلاف في أصل..........الخ

سوال ۲۷۔ اختلاف کی وہ کونسی صورت ہے جس میں بالاتفاق مہر مثل واجب ہوگا؟

إذا مات الزوجان..........الخ

سوال ۲۸. اگر میاں بیوی میں سے کوئی ایک یا دونوں فوت ہو جائیں اور ان کے ورثاء میں مہر کے بارے میں اختلاف ہو تو کیا طریقہ اختیار کیا جائے ؟

سوال ۲۹۔ میاں بیوی کے فوت کے بعد عورت کے ورثاء مہر کی وصولی کر سکتے ہیں لیکن اس سلسلے میں حضرت امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے درمیان کچھ اختلاف ہے وضاحت کریں؟

ومن بعث الی إمرأته۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۳۰۔ کوئی چیز تحفے میں بھیجی اور مرد نے کہا یہ مہر ہے اور عورت نے کہا تحفہ ہے تو کس کی بات مانی جائے گی اور کیوں مانی جائے گی ؟ اور اگر کھانے کا سامان ہو تو اس کا حکم کیا ہوگا تفصیل مطلوب ہے؟

إذا تزوج النصرانی۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۳۱۔ اگر دوعیسائی مرد و عورت یا دو حربی باہم نکاح کریں اور مہر میں مردار مقرر کریں اور جماع سے پہلے طلاق ہوجائے یا مرجائے تو مہر کا کیا حکم ہوگا اس سلسلے میں آئمہ کا اتفاق ہے یا جزوی اختلاف؟ واضح کریں اور دلائل بھی نقل کریں

سوال ۳۲۔ ذمیہ عورت کو مہر مثل کب دیا جائے اور متعہ کب؟ امام زفر کا اختلاف ذکر کریں۔

فإن تزوج الذمی۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۳۳۔ ذمی مرد اور عورت نے مہر میں شراب یا خنزیر مقرر کی پھر وہ دونوں مسلمان ہو گئے تو کیا حکم ہوگا؟
امام اعظم اور صاحبین کے درمیان اختلاف کی نوعیت مع دلائل ذکر کریں۔

باب القسم

وإذا کان لرجل إمرأتان۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۔ اگر کسی شخص کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوں تو ان کے پاس ٹھہرنے کے سلسلے میں باری مقرر کرنے میں کیا طریقہ اختیار کیا جائے کنواری اور ثیبہ میں فرق ہوگا یا مساوات؟ احادیث مبارکہ سے دلائل ذکر کریں۔

والقدیمة والجدیدة۔۔۔۔۔الخ

۲۔ محبت میں مساوات، جماع میں برابری اور سفر میں ساتھ لے جانے سے متعلق شرعی احکام کیا ہیں؟

وإن رضیت احدی الزوجات۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۳۔ اگر کوئی خاتون اپنی باری اپنی سوتن کو ہبہ کرے تو ایسا ہوسکتا ہے اور کیا یہ لازم ہوجائے گا اور وہ اپناحق واپس لے سکتی ہے یا نہیں؟ وضاحت کریں۔

کتاب الرضاع

قلیل الرضاعت وکثیرہ۔۔۔۔۔الخ

۱۔ رضاعت کا کیا مطلب ہے اور بچے کتنا دودھ پیئے و رضاعت ثابت ہوگی؟ امام شافعی کا اختلاف اور دونوں طرف کے دلائل ذکر کریں۔

ثم مدة الرضاعت ثلاثون۔۔۔۔۔الخ

سوال ۲۔ رضاعت کتنی عمر تک دودھ پینے سے ثابت ہوتی ہے؟ اس سلسلے میں آئمہ کے اقوال مع دلائل ذکر کریں۔

وإذا مضت مدة الرضاعت۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۳۔ اگر مدت رضاعت کے بعد کوئی بچہ کسی عورت کا دودھ پے تو حرمت ثابت ہوگی یا نہ؟ حدیث شریف اور عقلی دلیل ذکر کریں ۔

إلا أم أخته من الرضاعت۔۔۔۔۔الخ

سوال ٤۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا جو رشتے نسب سے حرام ہوتے ہیں وہ رضاعت سے بھی حرام ہوتے ہیں ان میں سے بعض ایسے رشتے ہیں جو نسب سے حرام ہوتے ہیں رضاعت سے نہیں؟ ہدایہ کی روشنی میں ان کی وضاحت کریں۔

وهوأن ترضع المراة۔۔۔۔۔الخ

سوال ٥۔ لبن الفحل سے کیا مراد ہے اور اس کے ساتھ حرمت کا تعلق کیوں ہوتا ہے جب کہ دودھ عورت پلاتی ہے؟ دلائل کے ساتھ ذکر کریں۔

وإذا إختلط اللبن بالماء۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ٦۔ اگر عورت کے دودھ میں پانی مل جائے تو کیا کم حکم ہوگا یا عورت کا دودھ کھانے یا دوائی میں مل جائے تو کیا حکم ہوگا؟ تفصیلی جواب مطلوب ہے۔

وإذا إختلط لبن إمرأتين۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۷۔اگر دو عورتوں کا دودھ مل جائے تو حرمت کا کیا حکم ہوگا؟

وإذا نزل للبكرلبن۔۔۔۔۔۔۔الخ

۸۔ اگر کنواری لڑکی کا دودھ نکل آئے اور کوئی بچہ پی لے تو حرمت کا کیا حکم ہوگا؟

وإذا حلب لبن المرأة۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۹۔ عورت فوت ہوگئی اور اس کا دودھ نکال کر کسی بچے کو پلادیا تو کیا حکم ہوگا؟ اس مسئلے کا اختلاف اور دلائل ذکر کریں۔

إذا أحتقن الصبى۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۰۔ اگر پیشاب کے راستے سے نالی کے ذریعے بچے کو کسی عورت کا دودھ پہنچایا گیا تو کیا حرمت رضاعت ثابت ہوگی؟ اس مسئلے میں امام محمد کا قیاس اور اس کا جواب نقل کریں۔

إذا نزل للرجل لبن۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۱۔ اگر مرد کا دودھ نکل آئے اور کوئی بچہ پی لے اسی طرح دو بچے ایک بکری کا دودھ پی لیں کیا تو کیا حکم ہو؟

إذاتزوج الرجل صغيرة وكبيرة ۔۔۔۔۔۔۔الخ

سوال ۱۲۔ اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں ایک بڑی اور دوسری چھوٹی اور بڑی بیوی چھوٹی کو دودھ پلادے تو اس کا حکم تفصیلا ذکر کریں۔